سوال

(117) گوشت خنزیر کیوں حرام ہوا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

گوشت خنزیر کیوں حرام ہوا۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

خنزیر کا گوشت اخلاق میں مضر ہے۔ اس کی حرمت بائبل اور منو سمرتی میں بھی ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب احبار ب 11 فقرہ 7 منو سمرتی باب 5 فقرہ 19)

شرفیہ

اس قسم کے سوالات باطل ہیں۔ اس لئے کہ اگر کوئی کہے کہ اللہ تعالیٰ نے خنزیر کو خنزیر کیوں بنایا انسان کیوں نہ بنایا اور ایسے ہی ایک کو مرد ایک کو عورت وجہ ترجیح چہ اور سرے سے بنایا ہی کیوں پھر بعض عورتوں مثلاً ماں بہن سے بنکاح حرام اور بعضوں سے جائز کیا۔ وجہ پھر ان صورتوں کا کیا کوئی جواب دے سکتا ہے۔

لا يُسـَٔلُ عَمّا يَفعَلُ وَهُم يُسـَٔلونَ ٢٣ سورة الأنبياء

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 337

محدث فتویٰ